سوال

(220) کتری ہوئی داڑھی والے پیچھے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس کی ڈاڑھی کتری ہوئی ہو۔ اس کے پیچھے نماز پڑھنی منع ہے یا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس کی ڈاڑھی مٹھی سے اندر کتری ہو وہ فاسق ہے اس کو امام بنانا جائز نہیں کیونکہ حدیث میں ہے (اجعلوا ائمتکم خیارکم) ''یعنی امام بہتر لوگوں کو بنایا کرو'' ایک شخص کو رسول اللہ ﷺ نے نماز میں قبلہ کی طرف تھوکنے پر امامت سے معزول کر دیا تھا۔ ہاں ایسے لوگ زبردستی امام بن جائیں اور اتفاقیہ ان کے پیچھے نماز پڑھنے کا موقعہ ہو جائے تو ہو جاتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

ستر کا بیان، ج1ص307

محدث فتویٰ